© rasailojaraid.com



# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر خالد شبیر احمد

آرزوؤں کو بار وَر دیکھا
شوق ہوتا ہوا اَمر دیکھا

جس کے چرچے ہیں آسمانوں میں
خوش نصیبی کہ وہ بھی گھر دیکھا

صحنِ نبوی میں بندگی دیکھی
دل پہ ہوتا عجب اثر دیکھا

اُن کی نسبت کو سارے عَالم میں
ہم نے دیکھا تو معتبر دیکھا

کیا ہے رُتبہ حضور والا کا
عقل و دانش کو بے خبر دیکھا

درِ اقدس پہ یوں جمی نظریں
پھر نہ ہم نے اِدھر اُدھر دیکھا

شعر کہنے کا کیسے ہو یارا
حرف و معنیٰ کو بے ہُنر دیکھ

شکرِ ایزد کہ شہرِ مرسل کو
ہم نے خالدؔ بہ چشمِ تر دیکھا



© rasailojaraid.com